02/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

سردارولبھ بھائی پٹیل زرعی اور ٹیکنیکل یونیورسٹی میرٹھ کے مرکزی لائبریری کے لیے 83.33لاکھ روپے منظور

لکھنؤ:02؍دسمبر 2021

اتر پردیش حکومت نے سرکار ولبھ بھائی پٹیل زرعی اور ٹیکنیکل یونیورسٹی میرٹھ کے مرکزی لائبریری کے لیے فرنیچر، کتابیں اور رسالوں کی خرید کے لیے 83.33لاکھ روپئے کی منظوری دی ہے۔محکمہ زراعت کے اسپیشل سکریٹری جناب برج راج سنگھ یادو نے یہ اطلاع دیتے ہوئے بتایا کہ اس ضمن میں حکم نامہ جاری کر دیا گیا ہے۔

جناب یادو نے بتایا کہ سردار ولبھ بھائی پٹیل زرعی اور ٹیکنیکل یونیورسٹی میرٹھ کے لیے 757لاکھ روپئے زیر تجویز ہے۔جاری رقم 83.33لاکھ روپئے پہلی قسط کے طور پر منظور کی گئی ہے۔منظور رقم کا خرچ انہیں مدوں پر کیا جائے گا جس مد کے لیے رقم منظور کی گئی ہے۔

جاری حکم نامہ میں ہدایت دی گئی ہے کہ منظور رقم کی نکاسی یکمشت نہ کرتے ہوئے ضرورت کے مطابق کیا جائے گا۔اس کے علاوہ مجوزہ تخمینوں کی شفافیت اور تصدیق کی ذمہ داری یونیورسٹی انتظامیہ کی ہوگی۔

☆☆☆☆☆